ISSN 2977-3555

روزنامہ

# صحافت

برمنگھم

باخبر، باثر حقیقتوں کا پیام بر

www.sahafat.in/uk

Birmingham Edition U.K.



غزہ میں جاری نسل کشی کو جائز قرار دینے کی امریکی سازش مسترد ص:02

Published from Birmingham (U.K.), India-Delhi, Mumbai, Lucknow, Dehradun

Volume No.03, Issue No.01 ,Tuesday 08 July, 2025, 8 Pages

جلد نمبر (۳)، شمارہ نمبر (۱)، بروز منگل، ۸؍جولائی، ۲۰۲۵ء، ۱۲؍محرم الحرام، ۱۴۴۷ء، ۸ صفحات

### بریکس سربراہی اجلاس

# فلسطینیوں کی خاطر غزہ میں غیر مشروط جنگ بندی کا مطالبہ



غزہ: برازیل کے شہر ریو ڈی جنیرو میں اتوار کے روز ہونے والے بریکس سربراہی اجلاس میں شامل ممالک کے قائدین نے ایک مرتبہ پھر غزہ میں جاری نسل کشی پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہوئے مطالبہ کیا ہے کہ غزہ میں فوری، مکمل اور غیر مشروط جنگ بندی عمل میں لائی جائے تاکہ اس خونی جنگ کا خاتمہ ہو جو گزشتہ 22 ماہ سے فلسطینیوں کو نگل رہی ہے۔

بریکس ممالک کے سربراہان نے اپنے مشترکہ اعلامیے میں کہا کہ ہم تمام فریقین پر زور دیتے ہیں کہ وہ نیک نیتی سے بات چیت میں شامل ہوں تاکہ فوری، پائیدار اور غیر مشروط جنگ بندی ممکن ہو سکے، اور قابض اسرائیل کی افواج غزہ سے مکمل طور پر انخلا کریں۔

برازیل کے صدر لوئیس اینا سیو لولا داسلوا نے اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے زور دے کر کہا کہ اب مزید یہ ظلم برداشت نہیں کیا جا سکتا کہ دنیا غزہ میں جاری اسرائیلی نسل کشی کو مسلسل نظر انداز کرے۔

انہوں نے اپنی افتتاحی تقریر میں کہا: ''حماس کے بعض اقدامات کو ہرگز درست قرار نہیں دیا جا سکتا، لیکن اس کا یہ مطلب نہیں کہ ہم خاموش تماشائی بنے رہیں جب قابض اسرائیل غزہ میں عورتوں اور بچوں کو قتل کر رہا ہے، بے گناہ شہریوں کو شہید کیا جا رہا ہے اور بھوک کو بطور ہتھیار استعمال کیا جا رہا ہے۔'' صدر لولا داسلوا اس سے قبل بھی کئی مواقع پر قابض اسرائیل کو براہ راست فلسطینیوں کے خلاف ''نسل کشی'' کا ذمہ دار قرار دے چکے ہیں۔ فروری سنہ 2024ء میں ریو ڈی جنیرو میں ایک تقریب سے خطاب کرتے ہوئے انہوں نے صاف کہا تھا: ''یہ کوئی جنگ نہیں بلکہ ایک کھلی نسل کشی ہے، کیونکہ قابض اسرائیل خواتین اور بچوں کو نشانہ بنا رہا ہے۔''

یہی نہیں، ان کے اسرائیلی نسل کشی کو ''یہودی ہولوکاسٹ'' سے تشبیہ دینے پر شدید سفارتی تنازع بھی کھڑا ہوا تھا، مگر وہ اپنے مؤقف پر ڈٹے رہے۔ واضح رہے کہ 7 اکتوبر سنہ 2023ء سے اب تک قابض اسرائیل، امریکہ کی کھلی پشت پناہی میں غزہ پر ایسی اندھی درندگی مسلط کیے ہوئے ہے جس میں اجتماعی قتل، جبری بھوک، مسلسل تباہی، اور لاکھوں کی بے دخلی شامل ہے۔ یہ سب کچھ بین الاقوامی عدالتی فیصلوں اور عالمی برادری کی بار ہا اپیلوں کے باوجود جاری ہے۔

اس خونی جنگ میں اب تک 1 لاکھ 93 ہزار سے زائد فلسطینی شہید یا زخمی ہو چکے ہیں، جن میں اکثریت عورتوں اور بچوں کی ہے، جب کہ 10 ہزار سے زائد افراد اب بھی لاپتہ ہیں۔ لاکھوں بے گھر ہو چکے ہیں اور شدید قحط نے درجنوں بچوں سمیت بے شمار جانیں نگل لی ہیں۔

## حماس کا بریکس کے بیان کا خیر مقدم

غزہ: اسلامی تحریک مزاحمت 'حماس' نے بریکس ممالک کی جانب سے غزہ میں فوری جنگ بندی اور قابض اسرائیل کی مکمل انخلا کے مطالبے کا پرخلوص خیر مقدم کیا ہے۔ حماس نے اس مطالبے کو بغیر کسی شرط کے فلسطینی زمینوں پر قابض اسرائیل کے انخلا کے لیے ایک اہم قدم قرار دیا۔ یہ بیان حماس نے برازیل کے دارالحکومت میں منعقدہ بریکس سربراہی اجلاس کے اختتامی اعلان پر جاری کیا ہے۔ حماس نے کہا کہ ہم بریکس کے اجلاس کے مشترکہ اعلان کا خیر مقدم کرتے ہیں، جس میں غزہ میں فوری جنگ بندی، قابض فوج کے انخلا اور بین الاقوامی انسانی قانون کی خلاف ورزیوں، خاص طور پر بھوک کو جنگی ہتھیار کے طور پر استعمال کرنے کی مذمت شامل ہے۔ مزید کہا گیا کہ ہم بریکس کے ممالک اور دنیا بھر کی تمام حکومتوں سے اپیل کرتے ہیں کہ وہ قابض اسرائیل کی دہشتگرد حکومت پر بین الاقوامی قوانین کی پابندی کے لیے دباؤ ڈالیں اور غزہ میں بے گناہ شہریوں کے خلاف جاری ظالمانہ جنگ کو فوری بند کرائیں۔ حماس نے قابض اسرائیل کی سفاکانہ محاصرے کے خاتمے کا بھی پرزور مطالبہ کیا ہے، جو 2.4 ملین فلسطینیوں کی زندگیوں کو اس خوفناک گھیراؤ میں جکڑے ہوئے ہے۔ بریکس کے سربراہان نے اپنی مشترکہ قرارداد میں قابض اسرائیل سے غزہ اور تمام فلسطینی زمینوں سے مکمل انخلا اور جنگ بندی کا مستقل، فوری اور غیر مشروط نفاذ کا مطالبہ کیا ہے۔ یہ اجلاس سنہ 2025ء کے 6 اور 7 جولائی کو برازیل کے شہر ریو ڈی جنیرو میں منعقد ہوا۔ بیان میں واضح کیا گیا کہ غزہ فلسطین کا ناقابل تقسیم حصہ ہے اور اس کی آزادی ہر فلسطینی کا بنیادی حق ہے۔ سات اکتوبر سنہ 2023ء سے قابض اسرائیل امریکہ کی حمایت میں غزہ میں ایک وسیع تر نسل کشی کر رہا ہے، جس میں قتل و بھوک، تباہی اور لاکھوں فلسطینیوں کی بے دخلی شامل ہے، جبکہ عالمی اپیلوں اور عالمی عدالت کے احکامات کو نظر انداز کیا جا رہا ہے۔ اس وحشیانہ جنگ میں اب تک 1 لاکھ 93 ہزار سے زائد فلسطینی شہید اور زخمی ہو چکے ہیں، جن میں اکثریت بچے اور خواتین ہیں، جبکہ 10 ہزار سے زیادہ افراد لاپتہ ہیں۔ لاکھوں فلسطینی بے گھر اور قحط کی وجہ سے زندگی کی بازی ہار چکے ہیں، جن میں بے شمار بچے بھی شامل ہیں۔

## اسرائیل حماس مذاکرات کا پہلا دور بے نتیجہ ختم



دوحہ (یو این آئی) قطر میں اسرائیل اور حماس کے درمیان جنگ بندی مذاکرات کا پہلا دور بے نتیجہ اختتام پذیر ہو گیا۔ بین الاقوامی خبر رساں ادارے کی رپورٹ کے مطابق فلسطینی حکام کا اس حوالے سے کہنا ہے کہ مذاکرات کے لیے آئے اسرائیلی وفد کے پاس حتمی معاہدے تک پہنچنے کے لیے اختیارات نہیں تھے۔ رپورٹس کے مطابق اسرائیل اور حماس کے درمیان مذاکرات کا یہ سلسلہ اسرائیلی وزیراعظم کی امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے ملاقات سے ایک روز قبل شروع ہوا ہے۔ نیتن یاہو نے واشنگٹن روانگی سے قبل کہا تھا کہ جنگ بندی مذاکرات میں حصہ لینے والی اسرائیلی مذاکراتی ٹیم کو ہدایات دی ہیں کہ ایسی شرائط کے تحت ہی جنگ بندی کا معاہدہ کیا جائے جنہیں اسرائیل نے قبول کیا ہے۔ دوسری جانب اسرائیلی فوج کے ریٹائرڈ جنرل یتزاک برک نے اعتراف کیا ہے کہ فلسطینی مزاحمتی تنظیم حماس نے دوبارہ طاقت حاصل کر لی ہے۔ قطری نشریاتی ادارے الجزیرہ کی رپورٹ کے مطابق اسرائیلی میڈیا آؤٹ لیٹ ماریو میں شائع اپنے مضمون میں یتزاک برک نے لکھا کہ حماس نے جنگ سے پہلے کی طاقت دوبارہ حاصل کر لی ہے۔ ریٹائرڈ فوجی جنرل نے لکھا کہ حماس کا دوبارہ طاقت حاصل کرنا غزہ میں اسرائیلی فوج کی پیشرفت کے بیانات سے متصادم ہے۔ انہوں نے اپنے مضمون میں غزہ میں زمینی حقائق کو بھیانک قرار دیا۔ یتزاک برک نے دعویٰ کیا کہ حماس کے پاس اب 40 ہزار مزاحمت کار ہیں جو کہ غزہ میں جنگ شروع ہونے سے پہلے کی طاقت کے برابر ہے جبکہ بہت سے مزاحمت کار سرنگوں میں تعینات ہیں۔ ان کا کہنا تھا کہ حماس کے مزاحمت کار گوریلوں کی طرح لڑتے رہتے ہیں جیسا کہ وہ جنگ کے آغاز سے لڑ رہے ہیں، وہ کبھی بھی ایک فوج کی طرح نہیں رہے اور اسی لیے انہوں نے اپنی فوجی صلاحیتوں کو نہیں کھویا جیسا کہ اسرائیلی فوج کے چیف آف اسٹاف کا دعویٰ ہے۔

## برکس ممالک کی امریکہ مخالف پالیسیوں کی حمایت کرنے والے ممالک پر 10 فیصد اضافی ٹیرف: ٹرمپ



واشنگٹن (یو این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے برکس ممالک کی مبینہ امریکہ مخالف ※ پالیسیوں کی حمایت کرنے والے ممالک پر 10 فیصد اضافی تجارتی ٹیرف عائد کرنے کی دھمکی دی ہے۔ مسٹر ٹرمپ نے سوشل میڈیا ٹروتھ ※ پر کہا، ''جو بھی ملک برکس کی امریکہ مخالف پالیسیوں کی حمایت کرے گا اس پر 10 فیصد اضافی درآمدی ٹیرف عائد کیا جائے گا اور اس پالیسی میں کوئی رعایت نہیں ہوگی۔ غور طلب ہے کہ مغربی تسلط کو چیلنج کرنے اور ترقی پذیر ممالک کی آواز کو فروغ دینے کے لیے برازیل، روس، ہندوستان، چین اور جنوبی افریقہ کی جانب سے ایک متبادل پلیٹ فارم کے طور پر قائم اس اس بین الاقوامی کثیر الجہتی تنظیم کی امریکی صدر طویل عرصے سے تنقید کرتے رہے ہیں۔

برکس کو کئی ممالک نے ایک موافق تنظیم کے طور پر قبول کیا ہے اور انہوں نے اس میں شامل ہونے کی خواہش ظاہر کی ہے۔ گزشتہ سال مصر، ایتھوپیا، انڈونیشیا، ایران، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات کو شامل کیا گیا تھا اور اس سال ویتنام شراکت دار ملک بن گیا ہے۔ بی بی سی کی ایک رپورٹ میں کہا گیا ہے کہ تنظیم کے ممالک نے امریکی ٹیرف پالیسیوں پر تنقید کی تھی اور بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) میں اصلاحات کی تجویز پیش کی تھی۔ انہوں نے بڑی کرنسیوں کی قدر کا معاملہ بھی اٹھایا تھا اور اسی کے بعد امریکی صدر نے یہ دھمکی دی ہے۔ برکس ممالک نے اتوار کو برازیل کے دارالحکومت ریو ڈی جنیرو میں ایک میٹنگ شروع کی، جس میں عالمی اداروں میں اصلاحات پر زور دیا گیا اور بڑھتے ہوئے تجارتی تنازعات اور جغرافیائی سیاسی کشیدگی کے درمیان سفارت کاری کے لئے ایک پلیٹ فارم کے طور پر قائم کرنے کی بات بھی کہی تھی۔

برکس ممالک کے وزرائے خزانہ کی طرف سے جاری کردہ مشترکہ بیان میں مختلف ٹیرف کی مذمت کی گئی اور انہیں عالمی معیشت کے لیے خطرہ قرار دیا گیا۔ ان محصولات پر بین الاقوامی اقتصادی اور تجارتی سرگرمیوں میں غیر یقینی صورتحال ※ لانے کا الزام لگایا گیا۔ برکس ممالک نے جون میں ایران پر فوجی حملوں کی مذمت کرتے ہوئے اسے بین الاقوامی قوانین کی خلاف ورزی قرار دیا ہے۔

وزیر اعظم نریندر مودی اور جنوبی افریقہ کے صدر سیریل رامافوسا سمیت عالمی رہنماؤں نے اس چوٹی کانفرنس میں ذاتی طور پر شرکت کی۔ اس میں روس کے صدر ولادیمیر پوتن نے آن لائن شرکت کی جبکہ چین کی نمائندگی وزیر اعظم لی کی چیانگ نے کی۔

## برکس ممالک کا آئی ایم ایف کے مخصوص نظام پر سوال

ریو ڈی جنیرو (یو این آئی) برکس ممالک نے آئی ایم ایف کے مخصوص نظام پر سوال اٹھا دیا ہے، رہنماؤں نے مانیٹری فنڈ میں ناگزیر اصلاحات کی بات کی۔ تفصیلات کے مطابق برازیل میں ہونے والی ترقی پذیر ممالک کے برکس سمٹ کا مشترکہ اعلامیہ جاری کر دیا گیا، جس میں عالمی تجارت، مالیاتی اصلاحات، اور مشرق وسطیٰ کی صورت حال پر اہم مؤقف اپنایا گیا ہے۔ برکس گروپ کے وزرائے خزانہ نے بین الاقوامی مالیاتی فنڈ (آئی ایم ایف) میں اصلاحات کا مطالبہ کیا اور کہا کہ آئی ایم ایف کا موجودہ کوٹہ اور ووٹنگ نظام عالمی اقتصادی حقائق کی عکاسی نہیں کرتا۔ برکس مطالبے میں ووٹنگ کے حقوق کی ایک نئی تقسیم اور فنڈ کی قیادت کے لیے یورپی انتظامیہ ہونے کی روایت کا خاتمہ بھی شامل تھا، اس گروپ کے وزرائے خزانہ نے پہلی بار مشترکہ بیان میں مجوزہ اصلاحات پر اتفاق کیا، اس سلسلے میں دسمبر میں آنے والی آئی ایم ایف کے جائزے کے اجلاس میں اس مشترکہ تجویز پر بات کی جائے گی۔ اعلامیے کے مطابق برکس رہنماؤں نے ایران پر امریکی و اسرائیلی حملوں کی شدید مذمت کی اور کہا کہ وہ غزہ کو ریاست فلسطین کا حصہ تسلیم کرتے ہیں، اعلامیے میں امریکہ اکی یک طرفہ تجارتی محصولات پر تنقید کرتے ہوئے کہا گیا کہ امریکہ کے یکطرفہ اقدامات عالمی تجارتی اصولوں کو نقصان پہنچانے کے مترادف ہیں۔ برکس رہنماؤں نے مشرق وسطیٰ کی صورت حال پر بھی گہری تشویش کا اظہار کیا اور مطالبہ کیا کہ غزہ میں تشدد کا سلسلہ فوری طور پر ختم ہونا چاہیے، رہنماؤں نے کہا فلسطین میں منصفانہ جامع حل کے ذریعے دیرپا امن کا حصول ضروری ہے۔ برکس اعلامیے میں رہنماؤں نے کہا کہ وہ امریکہ اور اسرائیل کے ایران پر حملوں کی مذمت کرتے ہیں، اور غزہ کو ریاست فلسطین کا حصہ تسلیم کرتے ہیں

## برکس کی ٹرمپ کا نام لیے بغیر درآمداتی ٹیرف، ایران پر اسرائیل-امریکہ کے حملوں پر تنقید



ریوڈی (یو این آئی) برکس رہنماؤں کے سربراہی اجلاس میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے بلا امتیاز درآمدی محصولات (ٹیرف) اور ایران پر اسرائیل-امریکہ کے حالیہ حملوں پر تنقید کی گئی ہے۔ فرانسیسی خبر رساں ادارے 'اے ایف پی' کے مطابق 11 ابھرتے ہوئے ممالک میں شامل برازیل، روس، ہندوستان، چین اور جنوبی افریقہ میں دنیا کی تقریباً نصف آبادی رہائش پذیر ہے، اور یہ ممالک 40 فیصد عالمی اقتصادی پیداوار کے حامل ہیں۔

برکس گروپ کئی معاملات پر منقسم ہے لیکن امریکی صدر کی غیر متوقع پالیسیوں اور ان کی ادھوری تجارتی جنگوں کے خلاف ایک نقطے پر متحد نظر آیا ہے، اگرچہ انہوں نے براہِ راست امریکی صدر کا نام لینے سے گریز کیا ہے۔

اجلاس کے مشترکہ بیان کے مطابق برکس کے ارکان نے 'یکطرفہ محصولات کے اقدامات کے اضافے پر شدید تشویش' کا اظہار کیا اور کہا کہ یہ عالمی معیشت کو نقصان پہنچا سکتے ہیں۔ ڈونلڈ ٹرمپ نے اتوار کی شب سوشل میڈیا پلیٹ فارم 'ٹروتھ سوشل' پر براہِ راست برکس بلاک پر تنقید کرتے ہوئے لکھا تھا کہ 'جو ملک برکس کی امریکی مخالف پالیسیوں کے ساتھ خود کو ہم آہنگ کرے گا، اس پر اضافی 10 فیصد ٹیکس عائد کیا جائے گا، اس پالیسی میں کوئی استثنیٰ نہیں ہوگا'۔ اس سے پہلے برکس نے اپنے رکن ملک ایران کی علامتی حمایت کرتے ہوئے ان جوہری اور دیگر اہداف پر اسرائیل اور امریکا کی جانب سے کیے گئے فوجی حملوں کی مذمت کی۔ اپریل میں ڈونلڈ ٹرمپ نے اتحادیوں اور مخالفین کو سخت محصولات کی دھمکی دی تھی، لیکن اسٹاک مارکیٹس میں زبردست مندی کے بعد عارضی ریلیف دے دیا تھا۔ انہوں نے خبردار کیا ہے کہ اگر شراکت دار ممالک یکم اگست تک معاہدے نہیں کرتے تو ان پر یکطرفہ محصولات عائد کیے جائیں گے۔ برازیل، ہندوستان اور سعودی عرب جیسے امریکی اتحادیوں کے ساتھ ممکنہ نرمی کے طور پر، سربراہی اجلاس کے اعلامیے میں امریکہ یا اس کے صدر کا براہِ راست ذکر نہیں کیا گیا۔ دو دہائیاں قبل تیزی سے ترقی کرنے والے ممالک کے فورم کے طور پر قائم ہونے والا برکس اب چین کی قیادت میں امریکہ اور مغربی یورپ کی طاقت کا مقابلہ کرنے والا گروپ سمجھا جاتا ہے۔ لیکن جب سے اس گروپ میں ایران، سعودی عرب اور دیگر ممالک شامل ہوئے ہیں، یہ غزہ پر حملے سے لے کر امریکا کی عالمی بالادستی کو چیلنج کرنے جیسے معاملات پر مؤثر اتفاق رائے حاصل کرنے میں ناکام رہا ہے۔ مثال کے طور پر برکس ممالک نے اسرائیل-فلسطین تنازع کے پرامن 2 ریاستی حل کی حمایت کی، حالانکہ ایران کا دیرینہ مؤقف ہے کہ اسرائیل کا وجود ختم ہونا چاہیے۔

## قابض اسرائیل کی سرپرستی میں انتہا پسند یہودیوں کا مسجد اقصیٰ پر دھاوا



مقبوضہ بیت المقدس: پیر کی صبح مسجد اقصیٰ کی مقدس فضاء ایک بار پھر قابض اسرائیل کی درندگی کا نشانہ بنی، جب درجنوں انتہا پسند یہودی آبادکاروں نے قابض فوج کی سخت سکیورٹی میں اس کے صحنوں پر دھاوا بولا۔ ان عناصر نے مقدس مقام کی حرمت کو پامال کرتے ہوئے تلمودی رسومات ادا کیں اور اشتعال انگیز رقص کیا۔

القدس کے ذرائع نے 'مرکز اطلاعات فلسطین' کو بتایا کہ درجنوں آبادکار باب المغاربہ کے راستے مسجد اقصیٰ کے احاطے میں داخل ہوئے اور خصوصی طور پر اس کے مشرقی حصے میں اشتعال انگیز گشت کی۔ اس دوران قابض اسرائیلی فوج نے نہ صرف ان کی بھرپور حفاظت کی بلکہ مسجد کے اطراف میں مسلمانوں کے داخلے کو بھی روکنے کے لیے سخت فوجی پابندیاں عائد کیں۔

قابض اسرائیلی فوج نے مسجد اقصیٰ کے دروازوں پرانے شہر کی گلیوں اور اس کے اطراف میں سکیورٹی چوکیاں بڑھا دی ہیں تاکہ مسلمانوں کو مسجد تک پہنچنے سے روکا جا سکے۔ نمازیوں کو روکنے ان کی تذلیل کرنے حتیٰ کہ بعض کو گرفتار کرنے جیسے اقدامات روز مرہ معمول بن چکے ہیں۔

اس سب کے باوجود مسجد اقصیٰ سے زبردستی نکالے گئے فلسطینی مرابطین اب بھی اس کے سب سے قریبی مقامات پر موجود رہتے ہیں۔ وہ قابض فوج کی جانب سے مسلسل دھمکیوں، تشدد، مار پیٹ اور جبری گرفتاریوں کے باوجود اپنا رباط جاری رکھے ہوئے ہیں۔

القدس عوام اور مقبوضہ فلسطینی علاقوں کے باسیوں کو بڑی تعداد میں مسجد اقصیٰ پہنچنے وہاں قیام کرنے اور نمازوں میں شرکت کی اپیل کی گئی ہے، تاکہ قابض اسرائیل کی پے در پے دراندازیوں کا عملی اور مؤثر جواب دیا جا سکے۔

ان اپیلوں میں زور دیا گیا ہے کہ مسجد اقصیٰ میں حاضری اس کی حمایت اور اس کا دفاع صرف عبادت نہیں بلکہ ایک قومی فریضہ ہے۔ یہ وہ اقدام ہے جو قابض اسرائیل کی جانب سے مسجد اقصیٰ کو اس کے عوامی اور مذہبی ماحول سے کاٹنے کی کوششوں کو ناکام بنا سکتا ہے۔ میدانِ عمل میں سرگرم فلسطینی کارکنوں نے واضح کیا کہ ان نازک حالات میں مسجد اقصیٰ میں مرابطہ محض عبادت کا عمل نہیں بلکہ یہ ایک عوامی استقامت کا پیغام ہے۔ ایک اعلان ہے کہ مسجد اقصیٰ ہماری سرخ لکیر ہے، جسے عبور کرنے کی اجازت کسی کو نہیں دی جا سکتی۔

اسلامی تحریک مزاحمت ''حماس'' نے اپنے بیان میں مسجد اقصیٰ کی بندش نمازیوں اور مرابطین پر حملوں کو سختی سے مسترد کرتے ہوئے اسے مسجد کے تاریخی و قانونی مقام پر صریح حملہ اور قابض اسرائیل کی مذہبی و نسلی جنگ کا خطرناک تسلسل قرار دیا۔ حماس نے متنبہ کیا کہ ان جارحانہ پالیسیوں کا انجام بیت المقدس اور پورے خطے کے امن و استحکام کے لیے تباہ کن ہوگا۔ مسجد اقصیٰ پر حملہ صرف فلسطینیوں پر نہیں بلکہ پوری امت مسلمہ کی عزت و غیرت پر حملہ ہے۔

انہوں نے تمام فلسطینیوں بالخصوص اہلیان القدس اور مقبوضہ علاقوں کے عوام سے اپیل کی کہ وہ مسجد اقصیٰ کا بھرپور دفاع کریں اس میں بڑی تعداد میں موجودگی یقینی بنائیں اور قابض اسرائیل کی جانب سے مسجد کی تقسیم کے ناپاک منصوبوں کو ناکام بنائیں۔ حماس نے عرب اور اسلامی ممالک، نیز بین الاقوامی اداروں سے بھی فوری مداخلت کی اپیل کی تاکہ قابض اسرائیل کی بڑھتی ہوئی درندگی کو روکا جا سکے اور بیت المقدس کی اسلامی و مسیحی مقدسات کی حفاظت کو یقینی بنایا جا سکے۔

## غزہ میں نسل کشی کا 640 واں دن، صہیونی درندگی جاری، شہداء کی تعداد 57 ہزار سے متجاوز



غزہ: غزہ میں قابض اسرائیل کی جاری نسل کشی کی خونی مہم آج پیر کے روز اپنے 640 ویں دن میں داخل ہو گئی ہے۔ قابض فوج نے فضائی اور توپ خانے سے بمباری کے ذریعے بھوکے، زخمی اور نقل مکانی پر مجبور فلسطینیوں کو نشانہ بناتے ہوئے درندگی کی نئی داستانیں رقم کیں۔ امریکہ کی سیاسی اور عسکری پشت پناہی اور بین الاقوامی برادری کی خاموشی اس ظلم و ستم کو مزید سنگین بنا رہی ہے۔ مرکز اطلاعات فلسطین کے نامہ نگاروں نے اطلاع دی ہے کہ آج پیر کی صبح سویرے سے اب تک قابض اسرائیلی فوج نے درجنوں فضائی حملے کیے ہیں، جن کے نتیجے میں کئی شہری شہید ہوئے اور درجنوں زخمی ہوئے۔ ان حملوں میں زیادہ تر نشانہ وہ علاقے بنے ہیں جہاں لاکھوں فلسطینی پناہ کے لیے جمع ہیں اور قحط کی بھیانک صورتحال سے دوچار ہیں۔

قابض اسرائیلی فوج کی توپوں نے غزہ کے جنوب مشرقی علاقے الزیتون میں واقع المجد ل سکول کو نشانہ بنایا، جس کے نتیجے میں متعدد شہری زخمی ہوئے۔

رفح شہر کے شمال میں امدادی مرکز کے قریب قابض فوج کی گولیوں کا نشانہ بننے سے دو فلسطینی شہید اور 20 زخمی ہوئے۔

خان یونس شہر کے جنوب میں ترکیہ کے ذبح خانے کے قریب قابض اسرائیلی فوج کی فائرنگ سے منار رائد سعید العالول نامی فلسطینی شہید ہوا۔ اسی طرح شمال مغربی خان یونس میں صہیونی بمباری کے نتیجے میں عماد حسین شہادہ شبانہ شہید ہوئے۔ ایک اور فلسطینی احمد محمد صبیح ابو سحلول صہیونی بمباری میں زخمی ہونے کے بعد آج دم توڑ گیا۔

خان یونس کے وسط میں ابو حمید چوک کے قریب صہیونی بمباری کے نتیجے میں محمد فواد توفیق بریخ اور خلیل عبد خلیل ابو سعدہ جام شہادت نوش کر گئے۔ بنی سہیلہ، خان یونس کے مشرقی علاقے پر صہیونی توپ خانے کی بمباری سے ماجدہ النجار شہید ہو گئیں، جب کہ ان کا بھائی اور دو معصوم بچے گزشتہ دو دن سے اپنے منہدم گھر کے ملبے تلے دبے ہوئے ہیں۔ قابض اسرائیلی فوج نے خان یونس شہر کے جنوبی علاقے میں کئی رہائشی عمارتیں بھی تباہ کر دیں۔ البریج کیمپ میں الجدی خاندان کے ایک گھر پر قابض اسرائیل کی بمباری کے نتیجے میں تین افراد شہید ہوئے جن میں ایک بچہ بھی شامل ہے۔

غزہ کے جنوب مغرب میں واقع الظافر 2 ٹاور کی ایک رہائشی عمارت کو نشانہ بنانے سے ایک شہری شہید اور متعدد زخمی ہوئے۔ وسطی غزہ کے دیر البلح علاقے میں ابو سلیم خاندان کے کیمپ پر صہیونی حملے میں چار شہری زخمی ہوئے، جن میں سے ایک کی حالت نازک بتائی جا رہی ہے۔ آدھی رات کے بعد قابض اسرائیلی طیاروں نے غزہ کے مشرقی علاقے میں ایک اور فضائی حملہ کیا۔

اسی دوران صہیونی افواج نے الرمال علاقے میں ایک طبی مرکز پر بمباری کر کے چھ فلسطینیوں کو شہید کر دیا جن میں ایک نومولود بچہ بھی شامل ہے، جبکہ 15 افراد زخمی ہوئے۔ شہداء میں کامل سلمان عبید (ابو مالک)، ان کی اہلیہ الفت فضل عبید (ام مالک)، محمد بشیر شلح، محمد عیاد (ابو عزیز)، فضل زکری ابو العطا اور شیر خوار بچہ یحییٰ الصیام شامل ہیں۔ غزہ میں جاری اس نسل کشی کی جنگ کو امریکہ کی مکمل حمایت حاصل ہے۔ وزارت صحت کے مطابق اب تک 57 ہزار 418 فلسطینی شہید اور 1 لاکھ 36 ہزار 261 زخمی ہو چکے ہیں، جبکہ 11 ہزار سے زائد افراد لاپتہ ہیں۔ سخت قحط نے درجنوں فلسطینیوں کی جان لے لی ہے، جبکہ 20 لاکھ سے زائد افراد جبری نقل مکانی، ملبوں اور تباہ حال خیموں میں زندگیاں گزارنے پر مجبور ہیں۔

قابض اسرائیل نے 18 مارچ سنہ 2025ء کو فائر بندی کے معاہدے کو توڑتے ہوئے اپنی کارروائیاں تیز کر دیں، جس کے بعد 6 ہزار 860 فلسطینی شہید اور 24 ہزار 220 زخمی ہوئے۔ 27 مئی کو جب قابض فوج نے امدادی مراکز کو بھی نشانہ بنانا شروع کیا تو اس وقت سے اب تک 751 فلسطینی شہید، 4931 زخمی اور 39 لاپتہ ہو چکے ہیں۔ صہیونی حکومت کی سرپرستی میں چلنے والی امریکہ اسرائیل مشترکہ تنظیم ''مؤسس ※ غز ※ ال إنساني ※'' کو فلسطینیوں کو قتل اور دباؤ میں لانے کے ایک ہتھیار کے طور پر استعمال کیا جا رہا ہے، جسے عالمی ادارے مسترد کر چکے ہیں۔

قابض اسرائیل نے اب تک 1 ہزار 581 طبی کارکنان، 115 سول ڈیفنس اہلکار، 220 امدادی سکیورٹی اہلکار اور 754 پولیس اہلکار شہید کیے ہیں۔ 15 ہزار سے زائد مجازر میں 14 ہزار خاندان براہ راست متاثر ہوئے جن میں 2500 خاندان مکمل طور پر مٹ چکے ہیں۔ حکومتی میڈیا دفتر اور اقوام متحدہ کے مطابق غزہ کی 88 فیصد سے زائد عمارتیں مکمل طور پر تباہ ہو چکی ہیں۔ نقصانات کا تخمینہ 62 ارب ڈالر سے زائد لگایا گیا ہے۔ قابض اسرائیل نے غزہ کی 77 فیصد زمین پر زبردستی قبضہ جما رکھا ہے۔ اب تک 149 سکول، جامعات اور تعلیمی ادارے مکمل طور پر تباہ ہو چکے ہیں، 369 کو جزوی نقصان پہنچا ہے۔ 828 مساجد کو مکمل طور پر اور 167 کو جزوی طور پر تباہ کر دیا گیا ہے۔ اسی طرح 60 میں سے 19 قبرستان بھی مٹا دیے گئے ہیں۔

# ٹیکساس میں سیلاب سے اموات 78 تک جا پہنچیں، سمر کیمپ سے لاپتہ لڑکیوں کی تلاش جاری



ٹیکساس (یو این آئی) ٹیکساس میں ہولناک سیلاب سے ہلاکتوں کی تعداد کم از کم 82 تک جا پہنچی، جس میں 28 بچے بھی شامل ہیں، سمر کیمپ سے لاپتہ لڑکیوں کی تلاش جاری ہے جبکہ مزید سیلاب کے خطرے کے پیشِ نظر رضا کار امدادی کارکنوں کو بھی محفوظ مقامات پر منتقل کیا جا رہا ہے۔ غیر ملکی خبر رساں ایجنسی 'رائٹرز' کی رپورٹ کے مطابق ٹیکساس ہل کنٹری میں واقع کیر کاؤنٹی کے شیرف لیری لیتھا کے مطابق ان کے علاقے میں 68 افراد ہلاک ہوئے، جن میں 28 بچے بھی شامل ہیں، یہ علاقہ سیلاب کا مرکز بن گیا ہے۔ ٹیکساس کے گورنر گریگ ایبٹ نے اتوار کی سہ پہر ایک پریس کانفرنس میں بتایا کہ ریاست کے دیگر حصوں میں مزید 10 افراد ہلاک ہوئے اور 41 افراد تاحال لاپتہ ہیں۔ صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے متاثرہ افراد سے اظہارِ تعزیت کرتے ہوئے کہا کہ وہ جمعہ کو متاثرہ علاقے کا دورہ کر سکتے ہیں، انہوں نے کہا کہ ان کی انتظامیہ گورنر ایبٹ سے رابطے میں ہے۔

امریکی صدر نے نیوجرسی سے روانگی کے وقت صحافیوں سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ 'یہ دل دہلا دینے والا ایک بالکل ہولناک واقعہ ہے، ہم اس آزمائش سے گزرنے والے تمام لوگوں کے لیے دعا گو ہیں اور خدا ریاستِ ٹیکساس پر رحم فرمائے'۔

سیلاب سے سب سے زیادہ تباہی 'کیمپ مسٹک' نامی ایک تقریباً سو سال پرانے عیسائی لڑکیوں کے سمر کیمپ میں ہوئی، جہاں اب بھی 10 لڑکیاں اور ایک کونسلر لاپتہ ہیں۔

گورنر ایبٹ نے کہا کہ 'یہ دیکھنا انتہائی دلخراش تھا کہ ان ننھے بچوں نے کیا کچھ برداشت کیا'، انہوں نے بتایا کہ وہ ہفتے کے دن اس علاقے کا دورہ کر چکے ہیں اور لاپتا افراد کی تلاش جاری رکھنے کا عزم کیا ہے۔

یہ سیلاب اس وقت آیا جب دریائے گواڈالوپ طوفانی بارشوں کے بعد بپھر گیا، یہ بارشیں جمعے کو امریکی یومِ آزادی کے موقع پر وسطی ٹیکساس میں ہوئیں۔

ٹیکساس ایمرجنسی مینجمنٹ کے سربراہ نیم کڈ کے مطابق برنیٹ کاؤنٹی میں 3، ٹام گرین کاؤنٹی میں ایک، ٹریوس کاؤنٹی میں 5 اور ولیمسن کاؤنٹی میں ایک شخص ہلاک ہوا۔

ٹیکساس کے محکمہ تحفظِ عامہ کے ڈائریکٹر فری مین مارٹن نے کہا کہ 'آج اور کل ہلاکتوں کی تعداد میں مزید اضافے کا خدشہ ہے'۔

حکام نے ہفتے کو بتایا تھا کہ اچانک آنے والے طوفان کے بعد 850 سے زائد افراد کو بچایا گیا جن میں سے کچھ درختوں سے چمٹے ہوئے تھے، اس طوفان نے علاقے میں تقریباً 38 سینٹی میٹر (15 انچ) بارش برسائی، جو سان انتونیو سے تقریباً 140 کلومیٹر شمال مغرب میں واقع ہے۔ نیم کڈ نے بتایا کہ انہیں یہ اطلاعات موصول ہو رہی ہیں کہ دریائے گواڈالوپ کے ندی نالوں میں 'پانی کی ایک اور دیوار' بہہ رہی ہے، کیونکہ خطے کی زمین جمعے کی بارش کے بعد پہلے ہی تر ہو چکی ہے۔ اتوار کے روز وفاقی ایمرجنسی مینجمنٹ ایجنسی (فیما) کو متحرک کر دیا گیا اور اب یہ ایجنسی ٹیکساس میں ابتدائی امداد فراہم کرنے والے کارکنوں کو وسائل مہیا کر رہی ہے۔

امریکی محکمہ ہوم لینڈ سیکیورٹی نے بتایا کہ صدر ٹرمپ کے بڑے پیمانے پر آفت کا اعلان کرنے کے بعد امریکی کوسٹ گارڈ کے ہیلی کاپٹر اور طیارے بھی امدادی کارروائیوں میں شامل ہو گئے ہیں۔

صدر ٹرمپ اس سے قبل قدرتی آفات سے نمٹنے میں وفاقی حکومت کے کردار کو محدود کرنے کے منصوبے پیش کر چکے ہیں، تاکہ ریاستیں اس بوجھ کا زیادہ تر حصہ خود اٹھائیں۔ کچھ ماہرین نے اس خدشے کا اظہار کیا ہے کہ ٹرمپ انتظامیہ کی جانب سے وفاقی عملے، خصوصاً نیشنل ویدر سروس کے نگران ادارے میں کی گئی کٹوتیوں نے ممکنہ طور پر حکام کو سیلاب کی شدت کی درست پیش گوئی اور بروقت وارننگ دینے سے روک دیا۔

## ٹرمپ نے ٹیکساس ریاست کو آفت زدہ قرار دیا

واشنگٹن، جولائی (یو این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے ٹیکساس ریاست کو آفت زدہ قرار دے دیا ہے۔ غیر ملکی میڈیا رپورٹس کے مطابق امریکا کی ریاست ٹیکساس میں سیلاب سے ہونے والی ہلاکتوں کی تعداد بڑھتی جا رہی ہے، 28 بچوں سمیت 82 افراد ہلاک ہو چکے ہیں اور درجنوں افراد تاحال لاپتہ ہیں۔ امریکی صدر ٹرمپ نے ریاست کو آفت زدہ قرار دے دیا، سیلاب سے ٹیکساس کی کیر کاؤنٹی سب سے زیادہ متاثر ہوئی ہے جہاں اب تک 68 افراد کی ہلاکت کی تصدیق ہو چکی ہے۔ امریکی صدر کے اقدام سے کیر کاؤنٹی میں متاثرہ افراد کو وفاقی فنڈنگ مہیا ہو سکے گی، امداد میں عارضی رہائش اور گھر کی مرمت کے لیے گرانٹ، غیر بیمہ جائیداد کے نقصانات کے لیے کم لاگت والے قرضے بھی دیے جائیں گے۔ دریائے گواڈیلوپ کے کنارے یوتھ کیمپ کے لاپتہ 27 بچوں کی تلاش تیسرے روز بھی جاری ہے، حکام نے بتایا اب تک آٹھ سو افراد کو محفوظ مقامات پر منتقل کیا گیا ہے، وسطی ٹیکساس میں ہفتے کے اختتام پر سیلاب کی متعدد وارننگ جاری کی گئی ہیں۔

## ایلون مسک کا تیسری سیاسی پارٹی بنانا مضحکہ خیز: ٹرمپ

واشنگٹن (یو این آئی) ڈونلڈ ٹرمپ نے ایلون مسک کی تیسری سیاسی پارٹی بنانے کے اعلان کو مضحکہ خیز قرار دے دیا۔ تفصیلات کے مطابق ڈونلڈ ٹرمپ نے اتوار کو ایلون مسک کے اعلان پر



ردِ عمل میں کہا تیسری سیاسی پارٹی شروع کرنا مضحکہ خیز لگتا ہے۔ انھوں نے کہا ہمیں ریپبلکن پارٹی کے ساتھ زبردست کامیابی ملی ہے اور ڈیموکریٹس اپنا راستہ کھو چکے ہیں، لیکن امریکہ میں ہمیشہ سے دو جماعتی نظام رہا ہے اور مجھے لگتا ہے کہ کوئی تیسری پارٹی شروع کرنے سے الجھن میں اضافہ ہو جائے گا۔ ٹرمپ نے کہا ایسا لگتا ہے کہ امریکی نظام واقعی دو جماعتوں کے لیے تیار کیا گیا ہے، اور تیسری پارٹی نے کبھی کام نہیں کیا، لہٰذا ایلون پارٹی بنا کر لطف اٹھا سکتے ہیں لیکن مجھے لگتا ہے کہ یہ مضحکہ خیز ہے۔ مسک کے بارے میں بات کرنے کے فوراً بعد ٹرمپ نے اپنے ٹروتھ سوشل پلیٹ فارم پر مزید تبصرہ کرتے ہوئے لکھا کہ "مجھے ایلون مسک کو پٹری سے مکمل طور پر اترتے ہوئے دیکھ کر رنج ہوا ہے، وہ پچھلے پانچ ہفتوں میں مزید تباہی کی طرف چلے گئے ہیں۔" یاد رہے کہ ایلون مسک نے ہفتے کے روز اعلان کیا تھا کہ وہ ٹرمپ کے ٹیکس کٹ اور اخراجات کے بل کے جواب میں "امریکہ پارٹی" بنا رہے ہیں، ان کا کہنا ہے کہ ٹرمپ کا اقدام ملک کو دیوالیہ کر دے گا۔

# کراچی سے غزہ تک امید کا سفر

## پاکستانی کمپنی نے معذور فلسطینی بچوں کو مصنوعی بازو فراہم کر دیے

کراچی (یو این آئی) غزہ میں اسرائیلی حملے کے نتیجے میں ہاتھ اور ٹانگوں سے محروم ہونے والے معصوم بچوں کے چہروں پر ایک بار پھر خوشی لوٹ آئی ہے، پاکستانی اسٹارٹ اپ 'بائیونکس' نے جدید ٹیکنالوجی کی مدد سے ان بچوں کے لیے مصنوعی اعضا تیار کیے، جنہوں نے ان کی زندگیوں کو آسان بنا دیا۔



غیر ملکی خبر رساں ایجنسی رائٹرز کی رپورٹ کے مطابق وہ لمحہ دل کو چھو لینے والا تھا جب آٹھ سالہ سدرا البردینی کلینک سے اپنی مصنوعی بازو کے ساتھ مہاجر کیمپ واپس پہنچی اور فوراً سائیکل پر سوار ہو گئی، یہ وہ لمحہ تھا جب اس نے ایک سال بعد پہلی بار دوبارہ سائیکل چلائی، غزہ میں ایک میزائل حملے نے اس کا بازو چھین لیا تھا۔

سدرا اُس وقت زخمی ہوئی تھی جب وہ نُصیرات اسکول میں پناہ لیے ہوئے تھی، جو ان اسکولوں میں سے ایک ہے جنہیں اسرائیلی حملوں سے بچنے کے لیے عارضی پناہ گاہوں میں تبدیل کر دیا گیا تھا۔

اس کی والدہ صبریٰ البردینی کے مطابق غزہ کے تباہ حال نظامِ صحت اور علاقے سے باہر نکلنے میں ناکامی کے باعث بیٹی کا ہاتھ بچایا نہ جا سکا۔ انہوں نے فون پر بتایا کہ سدرا بہت خوش ہے، باہر کھیل رہی ہے اور اس کے تمام دوست اور بہن بھائی اس کے مصنوعی بازو کو حیرت سے دیکھ رہے ہیں۔

ان کا مزید کہنا تھا کہ وہ اللہ کی شکر گزار ہیں، بیٹی کو خوش دیکھ کر ان کا دل خوشی سے بھر گیا ہے اور وہ اپنے جذبات کو شاید الفاظ میں بھی بیان نہ کر سکیں۔

یہ بازو کراچی میں واقع بائیونکس نامی پاکستانی کمپنی نے تیار کیا، جو اسمارٹ فون ایپ کے ذریعے مختلف زاویوں سے تصاویر لے کر تھری ڈی ماڈل تیار کرتی ہے اور انفرادی ضروریات کے مطابق مصنوعی اعضا بناتی ہے۔ کمپنی کے سی ای او انس نیاز کے مطابق، 2021 سے اب تک بائیونکس پاکستان میں 1 ہزار سے زائد بچوں کو ان کے لیے تیار کردہ مصنوعی بازو فراہم کر چکی ہے، جو مریضوں کی ادائیگی، کارپوریٹ اسپانسرشپ اور عطیات کے ذریعے ممکن ہوا۔

## ایران پر حملہ کرنے پر اسرائیل اور امریکہ کا احتساب ہونا چاہیے: عباس عراقچی



تہران (یو این آئی) ایران کے وزیر خارجہ عباس عراقچی نے خبردار کیا ہے کہ اگر اسرائیل کو ایران پر حملے کا جوابدہ نہ ٹھہرایا گیا تو پورا خطہ اور اس سے آگے بھی دنیا متاثر ہوگی۔ اسرائیل اور امریکہ کا احتساب ہونا چاہیے۔

قطری نشریاتی ادارے 'الجزیرہ' کی رپورٹ کے مطابق ایران کے سرکاری میڈیا پریس ٹی وی نے رپورٹ کیا کہ برازیل میں ہونے والے برکس سربراہی اجلاس سے خطاب کرتے ہوئے عراقچی نے کہا کہ ہمارے جوہری تنصیبات پر امریکی-اسرائیلی حملے ایٹمی عدم پھیلاؤ کے معاہدے (این پی ٹی) اور اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کی قرارداد 2231 کی صریح خلاف ورزی ہیں، جس نے 2015 میں ایران کے پُرامن جوہری پروگرام کی اتفاق رائے سے توثیق کی تھی۔ انہوں نے مزید کہا کہ ایران کی پُرامن جوہری تنصیبات کو نشانہ بنانے میں امریکی حکومت کی شمولیت نے اس بات میں کوئی شک نہیں چھوڑا کہ امریکا اسرائیل کی ایران کے خلاف جارحیت میں مکمل طور پر شریک ہے۔

ریو ڈی جنیرو میں اتوار کو ہونے والے اجلاس میں ایران کو برکس پلس ممالک کی حمایت حاصل ہوئی، جس میں اس اتحاد نے اسرائیل اور امریکہ کے حالیہ فضائی حملوں کی مذمت کی، جن میں فوجی، جوہری اور دیگر اہداف کو نشانہ بنایا گیا۔ 11 ممالک پر مشتمل اس گروپ نے کہا کہ یہ حملے بین الاقوامی قانون کی خلاف ورزی ہیں۔

سربراہی اجلاس کے اعلامیے میں کہا گیا کہ ہم 13 جون 2025 سے اسلامی جمہوریہ ایران پر ہونے والے فوجی حملوں کی مذمت کرتے ہیں، اگرچہ بیان میں امریکہ یا اسرائیل کا نام نہیں لیا گیا۔ برکس نے مزید کہا کہ ہم شہری انفرااسٹرکچر اور پُرامن جوہری تنصیبات پر جان بوجھ کر کیے گئے حملوں پر شدید تشویش کا اظہار کرتے ہیں۔ یہ اعلامیہ تہران کے لیے ایک سفارتی کامیابی ہے، جسے اسرائیلی فوج کی 12 روزہ بمباری کے بعد (جو امریکی حملوں کے ساتھ نطنز، فردو اور اصفہان میں ایرانی جوہری تنصیبات پر حملوں کے بعد ختم ہوئی) علاقائی یا عالمی سطح پر محدود حمایت حاصل ہوئی تھی۔

## پاکستان میں شدید بارش کے سبب 72 افراد کی موت، 130 زخمی

اسلام آباد (یو این آئی) پاکستان میں 26 جون سے موسلا دھار بارش اور سیلاب کی وجہ سے تقریباً 72 افراد کی موت ہوگئی ہے اور 130 افراد زخمی ہو گئے ہیں۔ نیشنل ڈیزاسٹر مینجمنٹ اتھارٹی (این ڈی ایم اے) نے گزشتہ 24 گھنٹوں کے دوران بارش کی وجہ سے پیش آئے حادثات میں چھ ہلاکتوں اور تین کے زخمی ہونے کی تصدیق کی ہے۔ این ڈی ایم اے کے مطابق سب سے زیادہ اموات شمال مغربی صوبہ خیبر پختونخوا میں ہوئی ہیں، جہاں 12 بچوں سمیت 28 افراد جان گنوا چکے ہیں اور 23 زخمی ہیں۔ افسران نے آئندہ دنوں میں مزید بارش کی وارننگ جاری کی ہے اور حساس علاقوں میں رہنے والے لوگوں سے احتیاطی تدابیر اختیار کرنے کی اپیل کی ہے۔

## رواں ہفتے حماس کے ساتھ معاہدہ طے پانے اور جنگ بندی کے قوی امکانات: ٹرمپ

واشنگٹن (یو این آئی) امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے کہا ہے کہ اس ہفتے حماس کے ساتھ معاہدہ طے پانے اور جنگ بندی کے قوی امکانات ہیں۔ برطانوی خبر رساں ایجنسی 'رائٹرز' کے مطابق ڈونلڈ ٹرمپ نے واشنگٹن روانگی سے قبل صحافیوں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ اس حوالے سے معاہدے کا مطلب ہے کہ 'کافی تعداد میں یرغمالیوں' کو رہا کیا جا سکتا



ہے۔ ٹرمپ آج وائٹ ہاؤس میں اسرائیلی وزیرِ اعظم نیتن یاہو سے ملاقات کریں گے۔ دوسری جانب اسرائیلی وزیرِ اعظم بنجمن نیتن یاہو نے کہا ہے کہ وہ غزہ میں قید اسرائیلیوں کی واپسی کو یقینی بنانے اور اسرائیل کے لیے حماس کے خطرے کو ختم کرنے کے لیے پرعزم ہیں، یہ بیان انہوں نے پیر کے روز امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ سے ملاقات سے قبل دیا۔ 'رائٹرز' نے رپورٹ کیا کہ واشنگٹن روانہ ہونے سے قبل اپنے بیان میں نیتن یاہو نے یہ بھی کہا کہ جنگ بندی مذاکرات کے لیے قطر جانے والے اسرائیلی مذاکرات کاروں کو واضح ہدایات دی گئی ہیں کہ وہ ان شرائط پر جنگ بندی کا معاہدہ کریں جنہیں اسرائیل قبول کر چکا ہے۔ انہوں نے کہا کہ 'میرا یقین ہے کہ صدر ٹرمپ کے ساتھ ہونے والی بات چیت ان نتائج کو آگے بڑھانے میں یقینی طور پر مدد دے سکتی ہے'۔

# غزہ میں جاری نسل کشی کو جائز قرار دینے کی امریکی سازش مسترد

غزہ: غزہ کے سرکاری میڈیا دفتر نے امریکہ کی وزارتِ خارجہ کی اُس بے بنیاد اور گمراہ کن الزام تراشی کو دوٹوک انداز میں مسترد کر دیا ہے، جس میں دعویٰ کیا گیا تھا کہ فلسطینی مزاحمت نے انسانی امداد فراہم کرنے والے امریکی کارکنان پر بم پھینکے ہیں۔

اتوار کے روز جاری کردہ ایک پُرجوش بیان میں کہا گیا ہے کہ یہ الزام دراصل ایک کھلی کوشش ہے جس کا مقصد قابض اسرائیل کی نسل کشی کو جواز دینا ہے، اور غزہ کے نہتے شہریوں کے خلاف جاری قتل و بھوک کا تسلسل برقرار رکھنا ہے۔ بیان میں کہا گیا کہ امریکی وزارت خارجہ کی یہ زبان، قابض اسرائیلی فوجی بیانیے سے خطرناک حد تک ہم آہنگی رکھتی ہے۔

بیان میں مزید کہا گیا کہ سنہ 2023ء میں شروع ہونے والی غزہ پر مسلط کی گئی خونی جنگ کے دوران قابض اسرائیل کی فوجی مشینری مسلسل ایسی جھوٹی کہانیاں گھڑ کر سامنے لاتی رہی ہے جن کے ذریعے نہتے فلسطینی شہریوں پر طاقت کے وحشیانہ استعمال کو "قانونی" رنگ دیا جا سکے۔ حکومتی میڈیا دفتر نے واضح کیا کہ جسے 'غزہ ہیومنٹیرین فاؤنڈیشن' یعنی GHF کہا جا رہا ہے، وہ کوئی انسانی امدادی ادارہ نہیں بلکہ درحقیقت ایک اسرائیلی-امریکی انٹیلی جنس ایجنسی کا چہرہ ہے۔ اسی GHF کی سرگرمیوں کے نتیجے میں اب تک 751 معصوم فلسطینی شہید ہو چکے ہیں، جب کہ 931,4 شدید زخمی ہوئے ہیں اور 39 افراد تاحال لاپتہ ہیں۔



بیان کے مطابق یہ تمام مظلوم شہری اُس وقت شہید ہوئے جب وہ نام نہاد امدادی مراکز کی طرف جانے کی کوشش کر رہے تھے، جنہیں ایسے خطرناک اور ممنوعہ علاقوں میں قائم کیا گیا تھا جو مکمل طور پر قابض اسرائیل کی براہِ راست فائرنگ کی زد میں تھے، اور جن کی تمام کارروائیاں بین الاقوامی انسانی قانون کی صریح خلاف ورزی پر مبنی تھیں۔ حکومتی میڈیا دفتر نے کہا کہ امریکہ جس ادارے کی حمایت میں کھڑا ہے، وہ دراصل جنگی جرائم اور انسانیت کے خلاف جرائم میں ملوث ہے۔ اس ادارے کا دفاع کر کے امریکہ درحقیقت ان مظالم کو "اخلاقی چادر" پہنانے کی کوشش کر رہا ہے۔

بیان میں اس امر پر بھی زور دیا گیا کہ دنیا کی 130 سے زائد بین الاقوامی انسانی تنظیموں نے GHF کے ساتھ کسی بھی قسم کے تعاون سے انکار کر دیا ہے۔ ان تنظیموں نے اس ادارے کو صیہونی قابض ریاست کے عسکری مقاصد کی تکمیل کا ذریعہ قرار دیا ہے۔

دفتر نے زور دے کر کہا کہ فلسطینی مزاحمت پر لگایا جانے والا الزام بے بنیاد اور سراسر جھوٹ پر مبنی ہے۔ اس الزام کا کوئی زمینی ثبوت یا آزاد تحقیقات پر مبنی بنیاد موجود نہیں بلکہ یہ قابض اسرائیل کی جانب سے فراہم کردہ گمراہ کن معلومات پر مبنی ہے۔

بیان میں واضح کیا گیا کہ اصل جرم تو یہ ہے کہ قابض اسرائیل اور اس کے حامیوں نے گزشتہ 22 مہینوں سے غزہ کے 24 لاکھ سے زائد فلسطینیوں کو کھانے، پانی اور دواؤں جیسی بنیادی ضروریاتِ زندگی سے محروم کر رکھا ہے، اور یہی لوگ امدادی راہداریوں میں بھی قتل کیے جا رہے ہیں۔

سرکاری میڈیا دفتر نے اقوام متحدہ اور عالمی برادری سے اپیل کی ہے کہ وہ GHF جیسے خطرناک ادارے کا کام فوری بند کروائیں، اور ان تمام "موت کے مراکز" پر غیر جانب دار بین الاقوامی تحقیقات کا آغاز کیا جائے جہاں انسانیت سوز جرائم کیے جا رہے ہیں۔ بیان کے اختتام پر اس بات پر زور دیا گیا کہ اقوام متحدہ کی انسانی امدادی تنظیموں کا غیر سیاسی اور غیر فوجی کردار بحال کیا جائے تاکہ فلسطینی عوام کو ان کا بنیادی انسانی حق دیا جا سکے، جو اس وقت قابض اسرائیل اور اس کے عالمی سرپرستوں کی درندگی کی نذر ہو چکا ہے۔

## 12 سال کی کوشش رنگ لے آئی، بنگلہ دیشی الیکٹریشن نے 2 کروڑ 50 لاکھ درہم کی لاٹری جیت لی

دبئی (یو این آئی) متحدہ عرب امارات میں مقیم ایک بنگلہ دیشی الیکٹریشن کی 12 سالہ لگن اور صبر نے بالآخر اسے زندگی بدل دینے والی خوشخبری دے دی، جب اس نے بگ ٹکٹ لاٹری میں 2 کروڑ 50 لاکھ درہم کا انعام جیت لیا۔ گلف نیوز کے مطابق ابوظبی میں کام کرنے والے ایک بنگلہ دیشی الیکٹریشن کی 12 سال کی مسلسل کوششوں کے بعد قسمت ان پر مہربان ہوگئی اور اس نے لاٹری میں 2 کروڑ 50 لاکھ درہم کی خطیر رقم جیت لی۔ 43 سالہ محمد ناصر بلال گزشتہ 14 سال سے متحدہ عرب امارات میں مقیم ہیں اور وہ 2012 سے ہر مہینے 'بگ ٹکٹ' کی قرعہ اندازی میں حصہ لے رہے تھے۔ بالآخر ان کی یہ مستقل مزاجی رنگ لے آئی، جب ابوظبی انٹرنیشنل ایئرپورٹ سے 24 جون کو خریدا گیا ان کا ٹکٹ نمبر 061080 قرعہ اندازی میں فاتح قرار پایا۔ قرعہ اندازی کے بعد 'بگ ٹکٹ' کے میزبان رچرڈ اور بشریٰ نے ناصر سے رابطہ کرنے کی متعدد کوششیں کیں، مگر ابتدائی طور پر وہ کامیاب نہ ہو سکے۔ تاہم بعد میں ٹیم نے انہیں یہ خوشخبری پہنچا دی، رقم جیتنے کے بعد ناصر بلال نے کہا کہ وہ اب تک اس پر یقین نہیں کر پا رہے۔ ان کا کہنا تھا کہ انہیں اب بھی یقین نہیں آ رہا کہ یہ حقیقت ہے، وہ گزشتہ 12 سال سے ہر مہینے ٹکٹ خرید رہے تھے۔ انہوں نے مزید کہا کہ وہ ان 12 برسوں میں ہر بار یہی خواب آنکھوں میں لیے ٹکٹ خریدتے رہے اور بالآخر وہ دن آ ہی گیا۔ ناصر کا کہنا تھا کہ وہ انعامی رقم میں سے اپنے پانچ ساتھیوں کو بھی حصہ دار بنائیں گے اور اپنے حصے کی رقم سے بنگلہ دیش میں مقیم اپنی فیملی کے لیے گھر تعمیر کریں گے۔ بعد ازاں، لاٹری جیتنے کے باوجود ناصر نے قسمت آزمائی جاری رکھنے کا فیصلہ کیا۔ ان کا کہنا تھا کہ وہ ٹکٹ خریدنے کا سلسلہ جاری رکھیں گے، 'بگ ٹکٹ' نے انہیں وہ کچھ دیا ہے جس پر یقین کرنا بھی مشکل ہے، وہ خود کو بے حد خوش نصیب محسوس کر رہے ہیں، خوابوں کو حقیقت بنانے میں مدد دینے پر 'بگ ٹکٹ' ٹیم کے تہہ دل سے شکر گزار ہیں۔

## غزہ میں خون کی شدید قلت، سیکڑوں زخمیوں اور بیماریوں کی جانیں خطرے میں پڑ گئیں




غزہ: فلسطین کی وزارت صحت نے ایک انتہائی تشویشناک بیان میں واضح کیا ہے کہ غزہ کی خون کی لیبارٹریاں اور بلڈ بینک ہولناک حد تک خون کی قلت کا شکار ہو چکے ہیں۔ موجودہ ذخائر نہ صرف ضروریات پوری کرنے سے قاصر ہیں بلکہ انسانی زندگیوں کو بچانے کی صلاحیت بھی تیزی سے ختم ہو رہی ہے۔ پیر کے روز جاری کردہ بیان میں وزارت صحت نے بتایا کہ شدید زخمیوں کی تعداد میں مسلسل اضافہ ہو رہا ہے، جس کے باعث خون کی فوری ضرورت دن بہ دن بڑھتی جا رہی ہے لیکن جو مقدار دستیاب ہے وہ ماہانہ استعمال کے مقابلے میں نہایت قلیل ہے، اور اسے پورا کرنا بلڈ بینکس کی صلاحیت سے باہر ہو چکا ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق، صرف گزشتہ ماہ کے دوران 10 ہزار خون کے یونٹس اور ان کے اجزاء استعمال کیے گئے، جبکہ دستیاب مقدار صرف 3500 یونٹس رہی۔ یہ خلا ہر گزرتے دن کے ساتھ خطرناک صورت اختیار کر رہا ہے۔ وزارت نے واضح کیا کہ معاشرتی سطح پر خون کے عطیات کی اپیلیں اب خاطر خواہ نتیجہ نہیں دے رہیں، کیونکہ شدید غذائی قلت اور آئرن کی کمی نے لوگوں کی جسمانی حالت کو بھی کمزور بنا دیا ہے۔ وزارت صحت نے عالمی اداروں اور انسان دوست تنظیموں سے فوری مداخلت کی اپیل کی ہے تاکہ بلڈ بینکس کے ذخائر میں اضافہ کیا جا سکے اور زخمیوں کو فوری طبی امداد فراہم کی جا سکے۔ یہ اقدام درجنوں جانوں کو بچانے کا سبب بن سکتا ہے۔ قابض اسرائیل کی جانب سے غزہ پر مسلط کی گئی ظالمانہ نسل کشی، جو پچھلے 21 ماہ سے جاری ہے، روزانہ درجنوں شہادتوں اور سینکڑوں زخمیوں کا سبب بن رہی ہے۔ یہ صورتحال نہ صرف غزہ کے ہسپتالوں بلکہ پورے صحت کے نظام کو مکمل طور پر مفلوج کرنے کے قریب پہنچا چکی ہے۔ فلسطینی عوام کو اس وقت جس بے بسی، کرب اور طبی بحران کا سامنا ہے، اس کی مثال حالیہ تاریخ میں کہیں نہیں ملتی۔ ہر زخمی کا جسم، ہر ماں کی پکار اور ہر خالی بلڈ بیگ عالمی ضمیر سے انصاف کی دہائی دے رہا ہے۔

## یمن سے قابض اسرائیل پر دو میزائل حملے، صہیونی ریاست میں خوف کی لہر

صنعاء: آج پیر کی صبح قابض اسرائیل کی فوج نے تصدیق کی ہے کہ یمن سے دو میزائل اس کی جانب داغے گئے۔ فوج کے مطابق ان میزائلوں کو روکنے کی کوشش کی گئی اور اب اس کارروائی کے نتائج کا جائزہ لیا جا رہا ہے۔ جیسے ہی میزائلوں کی روانگی کی اطلاع ملی قابض اسرائیلی علاقوں میں خطرے کے



سائرن بجنے لگے۔ کئی علاقوں میں شہری پناہ گاہوں کی طرف دوڑ پڑے اور فضا میں خوف کی گھنگھور گھٹائیں چھا گئیں۔ یمنی مزاحمتی تحریک انصار اللہ کی میڈیا کمیٹی کے نائب سربراہ نے ایک بیان میں کہا کہ "غزہ تنہا نہیں اور یمن اپنے زخموں پر خاموش نہیں بیٹھتا"۔ انہوں نے مزید کہا کہ 'صہیونی دشمن کو پناہ گاہوں کا رخ کرنا ہوگا کیونکہ جو غزہ اور یمن پر حملے کرے گا، وہ چین کی نیند نہیں سو سکے گا"۔ یہ کارروائی ایسے وقت میں سامنے آئی ہے جب گزشتہ شب قابض اسرائیل نے یمن کے ساحلی شہر الحدیدہ میں متعدد اہداف پر فضائی حملے کیے، جن میں بندرگاہیں اور توانائی کے مراکز بھی شامل تھے۔ یمن کی جانب سے یہ جوابی اقدام فلسطین، خصوصاً غزہ کے مظلوم عوام کے ساتھ یکجہتی کے طور پر دیکھا جا رہا ہے، جو مسلسل قابض اسرائیل کی درندگی کا سامنا کر رہے ہیں۔

## تائیوان میں سمندری طوفان ڈاناس سے دو افراد کی موت، سیکڑوں زخمی

تاپے (یو این آئی) تائیوان میں اتوار کی دیر رات طوفان ڈاناس سے دو افراد کی موت اور 334 دیگر زخمی ہو گئے۔ یہ اطلاع تائیوان میڈیا نے دی۔ مقامی افسران نے بتایا کہ طوفان ڈاناس کی وجہ سے 5.6 لاکھ سے زیادہ گھروں کو بجلی کی سپلائی منقطع ہو گئی ہے اور 10 سے زیادہ کاؤنٹیوں اور شہروں میں اسکولی سرگرمیاں ملتوی کرنا پڑی ہیں۔ مقامی محکمہ موسمیات نے کہا کہ پیر کی دوپہر تک طوفان کا مرکز تاپے سے تقریباً 130 کلومیٹر شمال میں تھا اور اس کے مرکز میں زیادہ سے زیادہ ہوا کی رفتار تقریباً 90 کلومیٹر فی گھنٹہ تھی۔



اتھارٹی نے کہا کہ اگرچہ تائیوان کا مرکزی جزیرہ طوفان کے دائرے سے باہر آ گیا ہے لیکن شمالی ساحل اب بھی خطرے میں ہے۔ طوفان ڈاناس 120 برسوں میں جزیرے کی گھنی آبادی والے مغربی ساحل سے ٹکرانے والا پہلا طوفان ہے۔ مقامی ڈیزاسٹر رسپانس سینٹر کے مطابق، آج صبح 8 بجے تک، طوفان کی وجہ سے نقصان کے کل 270,2 واقعات رپورٹ ہوئے، جن میں سے زیادہ تر کا تعلق تائنان، چیائی، کاؤشنگ اور یونلن میں گرے ہوئے درختوں اور انفرااسٹرکچر سے تھا۔ ریجنل ایوی ایشن اتھارٹی نے کہا کہ جزیرے پر آج صبح 10 بجے تک 176 پروازیں منسوخ کر دی گئی تھیں، تاہم دوپہر کے بعد آہستہ آہستہ پروازیں دوبارہ شروع ہونے کی امید تھی۔ طوفان کے اثرات کی وجہ سے آج تائنان، کاؤشنگ اور پنگٹنگ میں شدید سے موسلا دھار بارش متوقع ہے۔ محکمہ موسمیات نے حادثات سے بچنے کے لیے لوگوں کو پہاڑی علاقوں سے دور رہنے کا مشورہ دیا۔

روزنامہ صحافت اردو ویب ایڈیشن برمنگھم (یو. کے.) کو پبلشر نغمہ امیر نے ٹیڈنگٹن گرو پیری بار برمنگھم بی-42 آئی آر جی یو. کے. سے شائع کیا۔ پروپرائٹر و گروپ ایڈیٹر: امان عباس، ریزیڈینٹ ایڈیٹر: امیر مہدی، بیورو چیف: نغمہ امیر، ای-میل: Naghmaamir@rediffmail.com، موبائل نمبر: 386368 7897 44+
قارئین کو مشورہ: "صحافت" میں چھپے ہوئے مضامین اور مراسلات میں ظاہر کیے گئے خیالات سے ایڈیٹر، نیوز ایڈیٹر، پرنٹر، پبلشر، پروپرائٹر کا متفق اور جواب دہ ہونا ضروری نہیں ہے۔ صحافت میں شائع ہونے والے کسی بھی اشتہار کے مواد اور دعوؤں کے بارے میں ادارہ صحافت ذمہ دار نہیں ہوگا، اس کی کل ذمہ داری اشتہار دہندہ کی ہوگی۔

